صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 28 دسمبر 2021ء بمطابق 23 جمادی الاوّل 1443 ہجری سہ پہر دو بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوۡنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰۤاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَیۡہِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا ﴿۵۶﴾ اِنَّ الَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ اللّٰہَ وَرَسُوۡلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ وَاَعَدَّ لَھُمۡ عَذَابًا مُّھِیۡنًا ﴿۵۷﴾ وَالَّذِیۡنَ یُؤۡذُوۡنَ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ بِغَیۡرِ مَا اکۡتَسَبُوۡا فَقَدِ احۡتَمَلُوۡا بُھۡتَانًا وَّاِثۡمًا مُّبِیۡنًا ﴿۵۸﴾ یٰۤاَیُّھَا النَّبِیُّ قُلۡ لِّاَزۡوَاجِکَ وَبَنٰتِکَ وَنِسَآءِ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ یُدۡنِیۡنَ عَلَیۡھِنَّ مِنۡ جَلَابِیۡبِھِنَّ ؕ ذٰلِکَ اَدۡنٰۤی اَنۡ یُّعۡرَفۡنَ فَلَا یُؤۡذَیۡنَ ؕ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا ﴿۵۹﴾۔

(ترجمہ): اللہ اور اس کے ملائکہ نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں، اے لوگو جو ایمان لائے ہو، تم بھی ان پر درود و سلام بھیجو ﴿۵۶﴾ جو لوگ اللہ اور اس کے رسولؐ کو اذیت دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ نے لعنت فرمائی ہے اور اُن کے لیے رسوا کن عذاب مہیا کر دیا ہے ﴿۵۷﴾ اور جو لوگ مومن مردوں اور عورتوں کو بے قصور اذیت دیتے ہیں اُنہوں نے ایک بڑے بہتان اور صریح گناہ کا وبال اپنے سر لے لیا ہے ﴿۵۸﴾ اے نبیؐ، اپنی بیویوں اور بیٹیوں اور اہل ایمان کی عورتوں سے کہہ دو کہ اپنے اوپر اپنی چادروں کے پلو لٹکا لیا کریں یہ زیادہ مناسب طریقہ ہے تاکہ وہ پہچان لی جائیں اور نہ ستائی جائیں اللہ تعالیٰ غفور و رحیم ہے ﴿۵۹﴾۔ و آخرُ الدعوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاک اللہ۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

Mr. Deputy Speaker: 'Qusetions hour': Question No. 12716, Madam Nighat Yasmeen Orakzai, not present, lapsed. Question No. 12947, Mr. Khushdil Khan, not present, lapsed. Question No. 13077, Mr. Sirajuddin, not present, lapsed. Question No. 13299, Mr. Faisal Zeb.

* 13299 _ جناب فیصل زیب: کیاوزیرآبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے ضلع شانگلہ میں سال 2013 سے 2020 تک مختلف آسامیوں پر تعیناتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ کل کتنے افراد کس قانون، کن کے احکامات سے بھرتی ہوئے ہیں۔ تمام بھرتی شدہ افراد کی درخواستیں، شناختی کارڈز، ڈومیسائلز، تعلیمی اسناد، بھرتی آرڈر، موجودہ پوسٹنگ آرڈر، اخباری اشتہارات، کیڈرز، بنیادی سکیل اور سلیکشن کمیٹی کے ممبران کے نام فراہم کئے جائیں۔ نیز 2020 اور 2021 میں مزید کتنے افراد بھرتی کئے جائیں گے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): (الف) کوئی بھرتی نہیں کی گئی۔

(ب) چونکہ جوابات نفی میں ہیں تومزید وضاحت کی ضرورت نہیں۔

جناب فیصل زیب: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، سب سے پہلے یہ آج ایجنڈے میں جو میرا کوسچن آیا ہے، یہ میں نے 2019 میں جمع کروایا تھا اور 2021 ختم ہونے والا ہے۔ آج یہ کوسچن ایجنڈے پر آیا ہے۔ دوسری بات یہ کہ میں نے ان سے سوال کیا ہے کہ 2013 سے 2020 تک جن آسامیوں پر بھرتی کی گئی ہے تو اس کی وضاحت کی جائے۔ انہوں نے کہا ہے کہ کوئی بھرتی نہیں ہوئی۔ پھر دوسرا سوال ان سے میں نے یہ پوچھا ہے کہ 21-2020 میں کوئی پلان ہے تو ان کا جواب ہے کہ "چونکہ جوابات نفی میں ہیں تومزید وضاحت کی ضرورت نہیں"، وضاحت کی ضرورت ہے۔ میں نے ان سے سوال کیا ہے ان کو چاہیئے کہ اس سوال کا جواب دیں۔ کوئی پلان ہے، نہیں ہے۔ ان کا یہ جواب میرے پاس آیا ہے اور دو سال بعد میرا سوال ایجنڈے پر آیا ہے جناب سپیکر، اب یہاں پر کون ہے اس کا جواب دے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Concerned Minister ہیں؟

جناب فیصل زیب: ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر ارشد ایوب صاحب۔

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): شکریہ جناب سپیکر۔ یہ میرے Honourable colleague کا بڑا Genuine ایک سوال ہے۔ یہ میرے نوٹیفکیشن سے پہلے جوابات Submit کئے گئے تھے اسمبلی کے اندر، تو میں نے بھی جب یہ جواب دیکھا تو میں نے سمجھا کہ یہ بہت مختصر ہے، اس میں زیادہ کوئی وضاحت دینے کی ضرورت ہے۔ تو میں نے مزید تفصیل پتہ کرائی ہے ایم پی اے صاحب، اس میں یہ پتہ چلا جی کہ سب ڈویژن ڈسٹرکٹ شانگلہ میں یہ 12-2011 کے درمیان ایک ایس ڈی او کی پوسٹنگ ہوئی پھر جو آپ نے ایک ٹائم پیریڈ بتایا ہوا ہے 2013 اور 2020 کے درمیان مزید پوسٹیں نہیں Create کی گئیں، نہ ہی اس کی ڈیمانڈ دی گئی آگے مگر 2021 میں میں آپ کو یہ Date بھی بتا دیتا ہوں، یہ اس وقت ہوا جب آپ کا Swat Irrigation System Division-II create ہوا ہے آپ کا جس میں بحرین، شانگلہ اور مٹہ Add کئے گئے۔ اس میں تین پوسٹیں Create کی گئی ہیں اور Appointments بھی ہوئی ہیں، ایک ڈرائیور کی ہے، ایک چوکیدار ہے اور ایک نائب قاصد ہے اور اس کا میں نے پتہ کروایا کہ Rules اور Procedure follow کئے گئے ہیں یا نہیں کئے گئے، تو مجھے یہ انفارمیشن دی گئی کہ جی تمام جو ایک کمیٹی بیٹھتی ہے سلیکشن کمیٹی، وہ بنی ہے اس کے بعد جس طرح Employment Exchange میں رجسٹریشن ہوتی ہے وہ کی گئی ہے اور سارے Rules follow کئے گئے ہیں۔ تو یہ اصل پوزیشن ہے اس وقت آپ کی، اس میں مزید اگر آپ کوئی۔۔۔۔

جناب فیصل زیب: بالکل جی آپ کی بات ٹھیک ہے لیکن میرا سوال یہ ہے کہ مجھے یہ جواب ڈیٹیل میں کیوں نہیں ملا، دو سال بعد بھی یہ جواب مجھے نہیں ملا۔

وزیر آبپاشی: یہ بالکل آپ کی بالکل میں سمجھتا ہوں کہ جائز آپ کی Query ہے، جائز آپ کا اعتراض ہے 2019 میں اگر آپ نے یہ سوال کیا ہے اس کا مہینہ دو مہینہ بعد آپ کو جواب ملنا چاہیئے تھا۔ تو یہ ضرور، میں تو ابھی دو ڈھائی ہفتے ہوئے ہیں میرا نوٹیفکیشن ہوا ہے۔ تو ضرور میں وضاحت یہ لوں گا ڈیپارٹمنٹ سے اگر آپ کو اس ساری Appointments کے بارے میں یا کوئی اور خدشات ہیں تو میں آپ سے ریکویسٹ کروں گا میرے دفتر آجائیں بیٹھ کے جو بھی محکمے والے ہیں ان کو بلا بھی لیں گے ہم اور آگے مزید جو ان کے Plans ہیں کوئی Further appointments کی یا آپ کی اور کوئی Apprehensions ہیں تو وہ ان شاء اللہ آپ کو دور کر کے دیں گے جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: امید ہے آپ مطمئن تو ہو گئے ہوں گے جواب سے لیکن یہ آپ کا جو سوال ہے اگر اس پہ توجہ دیں تو آپ کے سوال میں بھی غلطی ہے۔ آپ 2019 میں 2020 کی Appointments کے بارے میں کیسے پوچھ سکتے ہیں۔ Appointments آپ 2019 میں اور سوال کر رہے ہیں 2020 کے، تو وہ تو ابھی آیا بھی نہیں ہے۔ تو آپ کے کوئسچن میں بھی غلطی ہے۔ Thank you۔ آپ نے جو سوال کیا ہے دیکھیں شانگلہ میں 2013 سے 2020 تک کی مختلف آسامیاں 2020 تک۔ آپ کہہ رہے ہیں کہ میں نے یہ سوال 2019 میں کیا ہے تو مطلب جب سوال 2019 میں کرتے ہیں تو 2020 کی آسامیوں کے بارے میں وہ کیسے بتائیں گے آپ کو؟

جناب فیصل زیب: جناب سپیکر، میرا مطلب یہ نہیں ہے۔ یہ تو اب ان کو ریکارڈ میں ان کو پتہ ہو گا کہ کونسی Date میں میں نے یہ سوال جمع کیا ہے لیکن میرے کہنے کا مراد یہ ہے کہ اتنا وقت اس سوال پہ گزر گیا ہے اور آج یہ ایجنڈے پر آیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس پہ بات کی جا سکتی ہے۔ ارشد صاحب! آپ ان کو Complete details provide کریں جی۔ Thank you۔

وزیر آبپاشی: ٹھیک ہے جی میں کر دوں گا۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Question No. 13446, Mr. Ahmad Kundi, not present, lapsed. Question No. 13457, Ms: Naeema Kishwar.

* 13457 _ محترمہ نعیمہ کشور خان: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) اس وقت صوبائی فنانس کمیشن میں کون کونسے نمائندے شامل ہیں؛

(ب) پچھلے دو سالوں کے دوران صوبائی فنانس کمیشن کے کل کتنے اجلاس منعقد ہوئے اور سالانہ کتنے اجلاس منعقد کرنا ضروری ہیں۔ نیز صوبائی فنانس کمیشن کی طرف سے اب تک ہر ضلع کے لئے کتنا فنڈ دیا گیا اور کتنا ریلیز کیا گیا، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ وصحت): (الف) اس وقت صوبائی فنانس کمیشن میں جو نمائندے موجود ہیں، ان کا اعلامیہ زیر لف ہے۔ (الف)۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

(ب) پچھلے دو مالی سالوں کے دوران صوبائی فنانس کمیشن کے دو اجلاس برائے مالی سال 2018-2019) اور 2019-20) میں منعقد کئے ہیں جبکہ ہر مالی سال کے دوران چار اجلاس کا انعقاد ضروری تھا

اور ہر ضلع کے لئے جو فنڈز مختص کئے گئے ہیں ان کی تفصیل زیر لف ہے۔(ب)۔(تفصیل ایوان جو فراہم کی گئی)

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر، میرا کوئسچن صوبائی فنانس کے ساتھ ہے۔ جناب سپیکر صاحب، روز ہم یہاں کھڑے ہو کر این ایف سی کے بارے میں کوئسچن کرتے ہیں کہ ہمیں این ایف سی میں حصہ نہیں ملتا لیکن صوبائی فنانس کا ہمارا یہ حال ہے کہ دو سال میں اس کے چار اجلاس ہونے تھے ابھی تک صرف دو اجلاس ان دو سالوں میں ہوئے ہیں۔ تو اگر ہم این ایف سی کا ہم رونا روتے ہیں کہ ہمارے صوبے کا حصہ نہیں ملتا اور ہمارے صوبائی فنانس کمیشن کا یہ حال ہے کہ ڈسٹرکٹ کو وہ حصہ ہم نہیں دیتے، ہم چار کے بجائے صرف دو اجلاس کرتے ہیں، ایک کوئسچن۔ دوسرا اس کمیشن میں خواتین کی نمائندگی بالکل نہیں ہے۔ تیسرا میرا کوئسچن یہ ہے کہ اگر آپ اس میں ناظمین کی دیکھ لیں پشاور سے مردان سے یا جو ایسے Settled areas ہیں وہاں پہ کوئی ان کی نمائندگی نہیں ہے، ابھی تو خیر نیا کمیشن بنے گا نیا آئے گا۔ چوتھا میرا جو اہم سوال ہے کہ ہم نے Already ایک Illegal کام کر کے فنانس بل میں لوکل گورنمنٹ کا بجٹ تو کم کر دیا ہے اور اگر ہمارے صوبائی فنانس کا بھی یہ حال ہے کہ ہم وہ حصہ بھی نہیں دے رہے تو ہمارا کیا حال ہو گا۔ اور آخری کوئسچن میرا یہ ہے کہ اس صوبائی فنانس کمیشن میں Merged areas کی نہ نمائندگی ہے اور نہ ان کو حصہ دیا گیا ہے مجھے جو لسٹ دی گئی ہے وہ صرف یہ باقی اضلاع کی دی گئی ہے لیکن اس میں جو Merged areas کا اس کا کوئی حصہ ان کو نہیں دیا گیا۔ تو میری ریکویسٹ ہو گی کہ اس کو اگر کمیٹی میں بھیج کے تو پھر ہم اس پہ ڈیٹیل بات کریں گے کیونکہ یہ ایک اہم ایشو ہے تو یہی میرا کوئسچن ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister to respond.

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ و صحت): جناب سپیکر، میری اردو اتنی اچھی نہیں ہے لیکن جو میں سوال یہاں پہ دیکھ سکتا ہوں اس میں یہ پانچ سوال نہیں تھے۔ جو دو سوال تھے اس کے جوابات جو ہیں وہ دیئے گئے ہیں۔ میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آنریبل ایم پی اے وہ پانچواں سوال جو ہے وہ کریں، ان کے جوابات بھی دیتے ہیں اگر انہوں نے ڈسکشن کرنی ہے تو وہ لائیں ڈسکشن بھی کر کے اس میں وہ کرتے ہیں اور میں یہ بھی ان کو انفارم کروں کہ Merged اضلاع نام کا کوئی ایریا نہیں ہے۔ ابھی وہ خیبر پختونخوا کا حصہ ہے تو جب ہم کہتے ہیں کہ دو ایم پی ایز ہوں گے تو Merged اضلاع سے بھی ہو سکتے ہیں اور ان شاء اللہ ہم

ڈال دیں گے۔ بس Fact correction میں کرنا چاہتا تھا اور جناب سپیکر، بالکل ہم اس کو کمیٹی کو بھیجنے کے حق میں نہیں ہیں کیونکہ ان کو ان کی انفارمیشن مل چکی ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کو، جی میڈم!

محترمہ نعیمہ کشور خان: سپیکر صاحب، میں نے صرف ممبرز کا تو نہیں پوچھا، میں نے کہا کتنا اس کا حصہ ملا ہے۔ تو Merged اضلاع کو صوبائی فنانس کمیشن سے کتنا حصہ ملا ہے؟ مجھے جو لسٹ دی گئی ہے اس میں تو نہیں، یہ صرف مجھے اس کی کمیشن کا تو نہ بتائیں کہ کمیشن کا کہ، میں نے کہا ہے کہ کتنا فنڈ ہر ضلع کے لئے مختص کیا گیا ہے، آپ نے Merged اضلاع کے لئے کتنا فنڈ دیا ہے، یہ 2019-20 کا ہے۔ اضلاع کب سے Merged ہوئے ہیں۔ کیوں نہیں دیا ابھی تک آپ نے صوبائی فنانس کمیشن سے اس کو فنڈ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی تیمور جھگڑا صاحب۔

وزیر خزانہ وصحت: جی جناب سپیکر! ویسے یہاں پہ جس وقت تک کہ ایک گورنمنٹ نہیں ہوتی تو وہاں پہ فنڈ دینا جو ہے وہ مشکل ہوتا ہے۔ جب لوکل گورنمنٹ تھی نہیں لیکن ویسے یہ کریڈٹ میں ضرور لوں گا کہ پچھلے ٹرم میں بھی یہ صرف پی ٹی آئی کی گورنمنٹ تھی جس نے لوکل گورننس سسٹم بنانے کی جرات کی اور ابھی بھی ہے اور Merged اضلاع کی بھی، ستر سال میں ساری پارٹیاں جو ہیں وہ Merged اضلاع کے بارے میں بات کرتی رہی ہیں پہلی گورنمنٹ ہے جس نے یہ Step بھی لیا کہ Merged اضلاع کو ہم شامل کریں، صوبے کا حصہ بنائیں جس کے بعد چونکہ وہ ستر سال کا جو ان کو پاکستان کے دائرے سے باہر رکھا گیا تھا وہ ٹھیک کرنا تھا، اس کو جس نے بھی کیا اس نے دو تین سال پریشر برداشت کرنا تھا، ہو بھی گیا، ابھی گورنمنٹ بھی آ رہی ہیں۔ آدھے خیبر پختونخوا میں الیکشن ہو گیا آدھے خیبر پختونخوا میں ہو جائے گا الیکشن، ہر ویلج کونسل پہ لوگ آئیں گے۔ یہ صرف پی ٹی آئی کی گورنمنٹ نے ہی کیا اور آگے ان شاء اللہ فنڈز بھی ملیں گے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم! ابھی تو جواب Satisfied ہو گیا ہے۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: جواب تو گول مول دے رہے ہیں۔ میں نے تو شروع سے Simple سا کوئسچن کیا ہے کہ آپ نے کتنی میٹنگز کیں وہ تو دو میٹنگ کر چکے ہیں چار سالوں میں۔ تو میں فنڈز کی پھر Distribution کا کیا کروں۔ فنانس کمیشن کا اگر ہمارا یہ، پھر آپ یہ این ایف سی کا پھر آپ گلہ نہ کریں کہ ہمیں این ایف سی میں نہیں ملا یہ سب حصہ۔ اگر آپ صوبائی فنانس کا پھر آپ انصاف نہیں کر سکتے تو پھر

آپ ادھر سے پھر نہیں چیخیں گے کہ ہمیں این ایف سی میں نہیں ملتا اگر صوبے کا یہ حال ہے۔ ٹھیک ہے جی۔Thank you۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Thank you. Question No. 13569، محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ۔

* 13569 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے کو ہر سال این ایف سی کے تحت شیئرز / رقوم ملتے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2010 سے تا حال ہر سال کتنی رقم کن مدت میں ملی اور کن مدت میں کتنی رقوم خرچ کی گئی، ہر سال کی الگ الگ تفصیل بمعہ ریلیز کاپی فراہم کی جائے؟

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ و صحت): (الف) جی ہاں۔ این ایف سی ایوارڈ کے تحت صوبہ کو موصول ہونے والی صوبائی قابل تقسیم محاصل ہیں۔ صوبے کے حصے کا 14.62% اور دہشتگردی کے خلاف جنگ کی مد میں 1% رقوم کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

سال	صوبائی قابل تقسیم محاصل میں صوبے کا 14.62% حصہ	1% WoT	کل رقوم
2010-11	118,802.5	14,557.8	133,360.3
2011-12	136,585.5	16,405.0	152,990.5
2012-13	157,919.6	19,047.3	176,966.9
2013-14	180,012.9	21,629.8	201,642.8
2014-15	203,260.5	24,423.2	227,683.7
2015-16	253,117.8	30,413.9	283.531.8
2016-17	260,441.0	31,294.0	291,735.0
2017-18	302.956.6	36.402.4	339,359.0
2018-19	327,924.1	39,402.4	367,326.5
2019-20	334,982.0	40,250.6	357,232.6
2020-21	373,326.5	44,845.8	418,072.4

(ب) جی ہاں۔ موصول ہونے والی رقوم کی تفصیلات جواب (الف) درج بالا دی گئی ہے جبکہ دوسرے حصہ میں اخراجات سے متعلق پوچھے گئے سوال کے متعلق عرض ہے کہ اس بابت این ایف سی حصہ میں اخراجات سے متعلق جواب عرض نہیں کیا جا سکتا کیونکہ صوبائی بجٹ تیار کرتے وقت صوبے کے تمام وسائل جس میں صوبائی آمدن، بجلی کا خالص منافع، تیل اور گیس کی مد میں موصول ہونے والی رقوم اور وفاق سے ملنے والی گرانٹ بشمول این ایف سی ایوارڈ کے تحت صوبہ کا صوبائی قابل تقسیم محاصل میں

14.62% حصہ اور WoT 1% شامل ہے جو صوبائی مجموعی فنڈز کا حصہ بن جاتی ہے جو کہ بعد میں نئے سال کے اخراجات کی تفصیلات کی روشنی میں صوبائی کابینہ کے سامنے پیش کرنے کے بعد صوبائی اسمبلی کو منظوری کے لئے پیش کئے جاتے ہیں۔ لہذا صرف این ایف سی سے متعلق اجراء شدہ رقوم کی تفصیلات فراہم نہیں کی جا سکتی ہے۔

محترمہ شگفتہ ملک: جی ډیره مننه سپیکر صاحب۔ زما دا سوال چې کوم دے جی فنانس این ایف سی حوالې سره، د دې سوال مقصد دا وو چې این ایف سی کښې زمونږه چې کومه حصه ده هغې کښې چې کوم رقم مونږ ته ملاویږی هغه په کوم مد کښې خرچ شوی دی، څومره ملاؤ شوے دے او څومره خرچ شوے دے نو دیکښې خو دوئ آخر کښې چې دا کوم هغه ما ته راکړے دے چې دا لاسټ کښې دوئ وائی چې "این ایف سی سے متعلق اجراء شدہ رقوم کی تفصیل فراہم نہیں کر سکتے"۔ یو خو سپیکر صاحب، زه دا تپوس کول غواړم چې په دې به دوئ ایتم بم جوړوی لکه دا په څه وجه د پارلیمان نه دا داسې څه Secret خبره ده په دیکښې چې ما ته دا لیکی چې "ہم فراہم نہیں کر سکتے" لکه دا Reason ما ته اوښائی چې دیکښې داسې څه ایشو ده که ایتم بم پرې جوړوی خو بیا خو ټهیک ده بیا ئې پټ اوساتئ۔ بله خبره دا ده جی چې کوم دوئ ما ته ډیټیلز راکړی دی نو په هغې کښې War on Terror کښې چې کوم ون پرسنټ د پختونخوا حصه ده جی، دا کریډټ هم حاجی عدیل صاحب د خدائے اوبخښی چې یو داسې شخصیت وو چې دا ټول د هغوی په کوشش باندې دا ون پرسنټ چې دے په War on Terror کښې دا زمونږ صوبې ته ملاؤ شوے دے خو که بیا دیکښې تاسو اوګورئ جی چې دا کوم اماؤنټ دوئ ما ته راکړے دے چې ون پرسنټ چې دے دا په کوم War on terror کښې ملاویږی نو د دې ټوټل هغه چې کوم دے دا دوئ ما ته نه دے راکړے۔ په دې باندې چې ما بیا اوکتل دا ما Multiply کړو Hundred سره ظاهره خبره ده چې ټوټل چې کوم اماؤنټ وو هغه راغلو۔ په هغې کښې چې بیا کوم 14.62 percentage کوم راغلو نو هغه ما دیکښې Divide کړو جی، چې دا ما Divide کړو په Hundred باندې نو تاسو اوګورئ جی چې دوئ ما ته کوم کل رقم راکړے دے نو هغه دوئ ما ته راکړے دے یو لاکھ درې، دیرش زره، تین سو ساٹھ، درې

سوه شپیته، دا دوئ ما ته ټوټل راکړے دے چې دومره رقم دے۔ دا چې ما کله کاؤنټ کړو دا مونږه سره چې کوم راځی نو دا راځی دو لاکھ بارہ ھزار آٹھ سو پینتیس پوائنټ زیرو تھری سکس، اوس دا خو ما تاسو ته چې یو اووئیل دا ټوټل ډیټیل که زه تاسو ته د آخره پورې اووایم دا څومره اماؤنټ چې دوئ ما ته راکړےدے دا ټوټل غلط فګرز دی، ټوټل غلط دی۔ کوم اماؤنټ، کوم رقم چې مونږ ته ملاؤ شوے دے د هغې کوم، چې دا کوم دوئ ما ته تیره راکړے دے۔ خا داسې که تاسو ته زه بل اووایم هغې کښې دوئ ما ته راکړی دی ایک لاکھ باون هزار نو سو نوے، دا چې ما جی کاؤنټ کړو په دیکښې راځی دو لاکھ انتالیس هزار آٹھ سو اکتالیس، دا ټوټل جی ما کاؤنټ کړی دی او دا ټوټل ډیټیل چې دے دا ئې غلط راکړے دے۔نو دا چې کوم ډیپارټمنټ دے، زه خو منسټر صاحب ناست دے، چې د دوئ دا ډیپارټمنټ چې دے آیا په دیکښې داسې خلق نشته چې دا دوئ کوم فګر ما ته راکړے دے ټوټل غلط دے، او بل دا هم اوګورئ تاسو په دې ګیلریانو کښې جی چې په دیکښې د فنانس Concerned کوم کسان دی، ځکه چې ما ته خو ښکاری نه چې څوک داسې ناست وی نو دا هم لږ تپوس اوکړئ چې دا شته؟ او بل دا ده چې ما ته د منسټر صاحب دا هم اووائی چې آیا په دې باندې که ایټم بم که جوړیږی خو بیا خو ٹھیک ده یو دغه سوال دے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> *جی منسٹر صاحب جواب دیں جی۔ آپ اپنی سیٹ پہ جائیں اپنی سیٹ پہ۔*

<u>جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ وصحت):</u> *سر، یہ سکرین نہیں چلی، چلیں۔* جناب سپیکر، ایټم بم د صوبائی ګورنمنټ جوړولو کار نه دے، کیدے شی چې کوم دے آنریبل ایم پی اے ته نه وی پته۔ جناب سپیکر، زما خیال کښې چې چرته چرته اپوزیشن ته چې څوک څوک سوالات ورکوی، د هغوی لږ چې کوم دے هغه خپل کوالټی کمزور وی، زه به دوئ ته ریکویسټ کوم چې دوئ د خپل، چې څوک څوک ورته سوالات او هغه ورکوی چې دوئ مخکښې کړی، چې هغه د هغوی کوالټی هم لږ اوګوری چې دوئ څه بهتره ایډوائس ورکوی نو دوئ به بهتره سوال کوی د هغې نه به زمونږه چې کوم دے کارکردګی ښه کیږی۔ دا جواب چې کوم دے دا جی زه بالکل Own کوم چې څنګه ما تاسو ته وئیلی مونږه دا کتلی زه به دا ضرور وایم چې شګفته ملک صاحبه چې ده دا اکثر ډیر Pertinent questions کوی خو بیا هم

د دوئ چې کوم ایډوائزر دی، دوئ ته زیات ښه Choose کول پکار دی چې هغوی چې کوم دے لړ زیات ښه ګائیډ کوی او بیا دا Mathematics زیات ښه هغه کوی۔ یو خو د دوئ د Era پکښې زیاته ډیټا ده پکار ده چې دوئ ته د مخکښې نه پته وه، 11-10 کښې دوئ حکومت کښې وو، هلته نه شروع کیږی۔ دویمه خبره دوئ چې کومه غټه خبره اوکړه د دې ډیټیل ولې نه شی ملاویدې، د دې ډیټیل ټول ما دوئ ته خپل لاس سره ورکړی دی۔ اصل کښې چې څومره پیسې راشی که هغه داین ایف سی په مد کښې وی، که هغه پراونشل ریونیو وی، که هغه این ایچ پی وی، که هغه چې کوم دے د هغې علاوه زمونږه Own source revenue وی، دا ټول په Provincial Consolidated Fund کښې یو ځائې شی، یو اکاؤنټ ته ځی نو بیا هغې کښې دا خو نه وی لیکلې چې دا روپئ چې د این ایف سی ده دا په تعلیم باندې اولګیده، که دا روپئ چې کوم ده د این ایف سی دا په صحت باندې اولګیده، دا به زه اووایم چې کوم د بجټ استعمال دے د یو یو روپئ، هغه دې کال هم او بل هم اولنې حکومت دے چې مونږه د بجټ استعمال باندې پوره یو بیل کتاب پبلش کړے وو، هغه بل کال هم کړے وو، اولنی ځل په تاریخ کښې میډم شګفته ملک د هغې تعریف کړے وو او دې کال به هم کیږی۔ خو پکار ده چې د دوئ فنانشنل ایډوائزران که د دوئ پارټئ کښې څوک وی، دوئ په دې خبرو باندې پوهه کوی چې د این ایف سی پیسې بیل هیڅ نه نه استعمالیږی، هغه نورو ټولو سره یو ځائې شی۔ نو که دا Basic دوئ ته چا نه وی وئیلی نو کیدے شی چې د دوئ دو جمع دو چار کښې هم څه مسئلې وی، هغه به زه، چونکه زه د دوئ انتهائی زیات Respect کوم، د دوئ ډیر Positive attitude دے، زه به ورسره کښېنم دا نور فګرز به ورته هم Explain کړم او د فنانس د ټیم زه خاص طور باندې چې کوم دے تعریف کول غواړم، په دې چې دوئ همیشه کوشش کړے دے چې په ټائم باندې جواب ورکړی، Detailed جواب ورکړی، Pertinent جواب ورکړی او هغه به زه Own کوم، تاسو ته پته ده چې زه خپله اکثر د خپل ډیپارټمنټ تنقید کوم چې هغوی کله سم انفارمیشن نه ورکوی خو دوئ بالکل ټهیک انفارمیشن ورکړے دے او نور ډیټیل باندې به زه مس شګفته ملک پوهه کړم۔ مهربانی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: مهربانی، منسټر صاحب يو خو زما تاسو چې کومه د ايډوائزر خبره اوکړه نو زه پخپله ايم پي اے هم يمه او زه پخپله ايډوائزره هم يمه او زه پخپله هر څه يمه جی، مونږه ايډوائزران نه ساتو دا تاسو خوش قسمته ئې چې ماشاء اللہ تاسو سره پخپله ډير کافي ايډوائزران دی، ما پخپله چې کوم دے جی دا کاؤنټنګ کړے دے۔ دا ما بيګاه پخپله کړی دی چې زه، ستاسو خبره به بالکل ټهيک وی جی، زه صرف ستاسو د سوال جواب خبره کوم چې تاسو ما ته په سوال کښې War on terror کښې چې کوم ون پرسنټ ښودلې دے جی دا ستاسو خپل رقم چې کوم تاسو ما ته ښودلې دے ، ديکښې تاسو اوګورئ چې دا چوده هزار پانچ سو ستاون پوائنټ ايټ، (14557.8) دا تاسو ما ته راکړے دے نو دا خو ستاسو رقم دے کنه جی، اوس دې رقم ته تاسو اوګورئ چې ديکښې تاسو ټوټل نه دے راکړے نو ظاهره خبره ده چې دا ما کله Multiply کړو Hundred سره نو د دې ټوټل رقم راغے ، اوس هغه ټوټل رقم کښې چې کوم اماؤنټ راغلو 14.62 نو هغه ما Divide کړو Hundred سره نو دا زه ستاسو ، دا که منسټر صاحب سره کيلکوليټر وی او دې پخپله هم اوګوری، د دوئ چې کوم اماؤنټ دوئ ما ته راکړے دے نو دا بالکل غلط دے جی، زه ستاسو په هغه باندې اعتراض نه کوم زه دا وايم چې تاسو ډيپارټمنټ چې ما له کوم جواب راکړے دے نو فګر تاسو خپله تاسو سره جواب شتې، تاسو کيلکوليټر رااوباسئ، تاسو اوګورئ که زه غلطه يم خو بيا خو ټهيک ده او که تاسو غلط ئيی نو تاسو سره خو ايډوائزران ډير دی، ما سره خو شته هم نه، کيدے شی ما نه څه غلطی شوی وی، نو صرف د دې د پاره تاسو ته وايم چې ډيپارټمنټ دا چې کوم فګر دے دا ما ته غلط راکړے دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی تیمور جھگڑا صاحب۔

وزیر خزانہ وصحت: جی دا Correction چې زه کوم دا ښه ده چې مس شګفته ملک د 2010-11 فګرز چې کوم دے Quote کړل چې کوم کښې د War and terror مد کښې چوده ارب پانچ سو ستاون ملين روپئ راغلی وې، دا فګرز بل چرته نه دې اخستلې شوے ، 11-2010 بجټ بک نه اخستلې شوے دے ، لکه د 11-2010 بجټ بک نه اخستلې شوے دے ، هم د دوئ چې کوم د فنانس وزير وی، هم هغه به

چھپاؤ کړے وی، هغوی سره د پوښتنه اوکړی که د دوئ خیال کښې غلط فګرز وی چې ولې غلط فګرز پبلش کړی خو خیر زه وایم دومره کمزوری به هغوی هم نه وی۔ فګرز به چې کوم دے ټھیک وی، دوئ پرسنټیج غلط کاؤنټ کوی لګیا دی، په هغې باندې به ئې زه پوهه کړم۔ اصل کښې چې کوم ون پرسنټ راځی، ون پرسنټ راځی د Total divisible pool خو هغې کښې څه Subtractions کیږی، هغه یو ټیکنیکل خبره ده۔ دلته اوس د Total divisible pool چې کوم دے پرسنټیج نشته، Total divisible pool هغه Divisible pool وی چې وفاقی سطح باندې وی۔ نو د هغې نه بعد به هم زه هغوی ته اوښایم هغې نه چې مخکښې څه Subtractions کیږی هغه به ورته اوښایم، دا به زه اووایم چې کوم Budgeted figure وی هغې نه به کم راځی، د هغې نه به کم ځکه راځی، 2010-11 کښې به هم راځی چې دې لس کالو کښې چې کوم د ایف بی آر Collections دی هغه د بجټ مطابق نه دی شوی، دا به اولنې کال وی چې بجټ نه به زیات راځی نو چې کوم ون پرسنټ بجټ شوے وی نو د هغې نه به ان شاء الله زیات وی او دا چې کوم کریډټ دے دا به هم د One percent war on terror پاکستان تحریک انصاف حکومت ته ځی خو چونکه د دوئ دومره دلچسپی ده، As colleague دا زما خیال کښې ضروری ده چې مونږه په دې باندې کښېنو په دې چې دوئ به بیا زیات مثبت تنقید کولې شی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: امید ہے۔ جی شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: ځه جی ټھیک شوه دا دوئ چې کومه خبره اوکړه حکومت که د هر چا وی خو بیا Department responsible وی کنه جی، حکومتونه خو ځی راځی۔ زه به تاسو ته ستاسو د حکومت خبره، دغه خو ما تاسو ته یو د Figure example درکړو۔ زه به تاسو ته د 2019-20 خبره اوکړم جی په هغې تاسو اوګورئ، تاسو ما ته ټوټل راکړے دے تین لاکھ پچھتر ھزار دو سو تیئس، او دلته کښې جی ټوټل راځی پانچ لاکھ آٹھاسی ھزار چار سو تریسٹھ، دا جی ستاسو، د تیمور صاحب د خپل منسټر او خپل ډیپارټمنټ خبره زه کوم او د دوئ د حکومت په دیکښې هم جی، دا پکار ده چې تاسو اومنئ چې منسټر صاحب اومنی چې ډیپارټمنټ غلط بیانی نه بلکه دا غلطی ده یا دا Blunder دے یا دوئ کاؤنټنګ

چي دے زما په خيال دوئ سره يو بنه I think چي داسې اکاؤنټنټ هغه نه وی نو هغه به ورته خير دے اے اين پی مونږه ورته آفر کړو که د دوئ سره کمې وی خو پکار ده چي داسې يو ايډوائزر اوساتی چي هغه دوئ ته دا فګرز چي دی دا سم ښائی، نو د منسټر صاحب د اومنی، زما خو دا خواست دے چي دا د دوئ کميټئ ته اوليږی او که کميټئ ته ئې نه ليږی نو بيا به مې خواست وی چي دوئ د خپل ډيپارټمنټ دا غلطی اومنی چي دا کوم فګر دوئ ايم پی اے ته ورکوی دا غلط دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تیمور جھگڑا صاحب۔

وزیر خزانہ وصحت: جناب سپيکر، دوئ بيا بيا لګيا دی فګرز غلط Interpret کوی۔ تاسو د 20-2019 خبره اوکړه، د 20-2019 خبره اوکړه، زه صرف جواب ته ګورم، جواب چي دے 20-2019 کښې هغې کښې دا ليکلی چي صوبائی قابل تقسيم چي کوم رقم دے 14.62 پرسنټ، دا دے 334.982 بلين، دا به وی Actual figure، دا به ما ته فنانس اووائی چي Budgeted figure دے که Actual figure دے، که دا وی Actual figure دا به Actual collection باندې وی، That means چي کوم Total collection وو د هغې 14.62 پرسنټ به دا 334.982 ارب روپئ وی، د هغې نه علاوه چي کوم ون پرسنټ دے Actual total هغه به جوړيږی 40.25 ارب چي دا دواړه تاسو Add کړئ نو ټوټل جوړيږی 375.232 ارب، دا به ټوټل چي کوم Actual flow راغلې وی دا هغه ده، که تاسو دا دوه فګرز Add کړئ دا مخامخ دی، 334 او 40 او چي ورسره دا نور Add کړئ دا 375 ارب جوړيږی، ما ته دا فګرز بالکل ټهيک لګی، ديکښې څه ايشو نشته، ما ځکه اووئيل ټيکنيکل خبره ده او زه به دا اووايم چي مس شګفته ملک ته پکار دی چي د ځان سره ايډوائزران اوساتی په دې چي څوک Technically پوهيږی چي په کوم کار باندې کس خپله نه پوهيږی نو ځان سره يو زيات Expert پکار دے چي هغه ئې پوهولې شی۔ مهربانی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: په دې باندې جی تاسو دواړو ښه کافی ډسکشن اوکړو، اصل کښې دا فګرز چي کوم دی دا بجټ بک کښې Already راغلی دی نو چي بجټ بک کښې راغلل او پاس شوی دی د اسمبلئ نه نو په دې باندې Already بحث

کول پکار نه دے خو بیا هم Anyhow که ستاسو په دې باندې شک وی نو تاسو تیمور صاحب سره کښېنئ او هغه خپل ختم کړئ جی۔

(مداخلت)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی تیمور صاحب۔

<u>وزیر خزانه وصحت:</u> د دې کمیټئ ته هم ریفر کولو کښې څه بدییت نشته که کمیټئ کښې مس شگفته ملک خان پوهه کول غواړی هلته د پوهه کړی، دا بلیک اینډ وائټ فگرز دی چې څنگه تاسو اووئیل چې بجټ بک کښې دی هیڅ اعتراض نشته دے کمیټئ ته ئې اولیږئ۔

(مداخلت)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> گوره میډم! میډم، چې یو شے فگرز په بجټ بک کښې راشی د 2010-11 نه فگرز رارواں دی، نو هغه خو Already دې اسمبلئ پاس کړی دی دا فگرز که تاسو۔۔۔۔

<u>محترمه شگفته ملک:</u> زه د غه خبره کوم جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> که ستاسو په دې باندې څه Doubt وی جی تاسو تیمور خان سره کښېنئ هغه شے د غه کړئ نو بیا ئې واپس راؤړئ نو ان شاء الله په هغې باندې به ډسکشن اوشی، تاسو منسټر صاحب سره کښېنئ۔

<u>محترمه شگفته ملک:</u> دا به زه منسټر صاحب له ورکړم که زه غلطه ووم او یا دے غلط وو دا به مونږه اوگورو چې منسټر صاحب، ډیپارټمنټ ٹھیک دے که زه؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> او دا فگرز Revise کیدے هم نه شی ځکه چې بجټ کښې یو شے پاس شی هغه Revise کیدے نه شی تاسو منسټر صاحب سره کښېنئ۔

<u>محترمه شگفته ملک:</u> نه خو غلط ئې ولې راکړی دی، که Revise کیږی نو بیا پکار ده چې ما ته ئې راکړی وے۔

<u>وزیر خزانه وصحت:</u> زه به دومره اووایم، بالکل مونږه به کښېنو چې څوک غلط وی او هغه به اووائی چې څنگه وائی۔ زه د دوئ Respect کوم او دوئ وائی زمونږه افسران بنه نه دی زیات تر د هغه وخت دی دوئ بهرتی کړی دی اوس مونږه نوی

افسران راولو د هغوی کوالټی زیاته ښه ده، هغې کښې هم ښه افسران دی نو خیر هغې کښې هم لږ فرق راشی۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Question No. 13525, Mr. Hafiz Isam-ud-Din. 13525, Hafiz Isam-ud-Din, not present, lapsed. Question No. 13626, Mr. Waqar Ahmad Khan.

* 13626 _ جناب وقار احمد خان: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت آبپاشی کے ایک مربوط پروگرام پر عمل پیرا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبائی حکومت اس سلسلے میں جدید نہری نظام پر اخراجات کر رہی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کا جوابات اثبات میں ہو تو پچھلے پانچ سالوں میں مجموعی طور پر ملاکنڈ ڈویژن میں نہروں کے نکالنے کے لئے اخراجات ہو چکے ہیں، ہر نہر کی بناوٹ اور مرمت کی الگ الگ اخراجات کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔ یہ درست ہے۔

(ب) جی ہاں۔ یہ بھی درست ہے۔

(ج) سوات ایریگیشن سرکل سوات کے زیر نگرانی سوات، دیر، چترال ایریگیشن ڈویژنز میں نہروں کی بناوٹ اور مرمت پر پچھلے پانچ سالوں کے دوران جو اخراجات کئے گئے ہیں۔ ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔ (تفصیل ایوان جو فراہم کی گئی)

جناب وقار احمد خان: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میرا تو ضمنی سوال ایک تو یہ ہے کہ ضلع شانگلہ اس میں Include نہیں ہے کیا، وہ ملاکنڈ ڈویژن میں نہیں ہے، ضلع شانگلہ میں کیا آبپاشی کا نظام نہیں ہے۔ دوسرا میں یہ نیکپی خیل چینل کے بارے میں اپنے حلقے کی بات کروں گا کہ کیا حکومت اسے Extend کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ دوسرا پانی کی گنجائش ضرورت سے بہت کم ہے۔ لہذا حکومت پانی کی گنجائش میں اضافے کے لئے کچھ کرنا چاہتی ہے جی؟ دا زما ضمنی سوالات دی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ Concerned Minister to respond Arshad Ayub۔

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): شکریہ جناب سپیکر، ایم پی اے صاحب کے جو سوالات ہیں اس میں جو پہلے اور دوسرے سوال کا جواب ہے بالکل یہ سوات ایریگیشن سرکل میں کافی سارا کام ہو رہا ہے، کافی سارا ہو بھی گیا ہے اور جس میں آپ کا دیر، چترال اور سوات آتا ہے اور جس چینل کی آپ نے بات کی ہے اس کا اگر آپ 17-2016 سے دیکھیں اور ابھی 21-2020 میں آئیں تو تقریباً کوئی 80 فیصد کا اضافہ

ہوا ہے۔ 2016-17 میں جدھر 21 لاکھ 29 ہزار کچھ روپے خرچہ ہو رہا تھا ابھی وہ 2020-21 میں ایک کروڑ سے اوپر ماشاء اللہ چلا گیا ہے۔ تو یہ ایک Indicator ہے کہ اللہ کے فضل سے ان سکیموں پہ، تمام سکیمیں جو ساری لسٹ آپ کے پاس ہے، موجود ہے، تمام سکیموں میں Gradual increase ہی آرہا ہے سارا۔ تو مزید اگر آپ کوئی چاہتے ہیں اپنے حلقے یا ان سکیموں میں یا جس طرح آپ نے ایک سکیم کا ادھر ذکر کیا ہے کہ اس میں مزید کوئی کام ہونا چاہیئے تو میں آپ کو دعوت دیتا ہوں آپ دفتر آجائیں، محکمے والوں کو بلالیں گے آپ کی ان شاء اللہ اگر کوئی Feasible سکیم ہوئی تو اس کو ضرور Include کریں گے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> وقار احمد خان صاحب۔

<u>جناب وقار احمد خان:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب، جب بھی یہ دعوت دے میں جاؤں گا جی بہت ضرورت ہے وہاں پہ یہ نیکپی خیل جس کی چینل کی میں بات کر رہا ہوں، اس میں زیادہ گنجائش کی ضرورت ہے اور Extend کرنے کی، اور دوسرا نئے چینلز کی بھی ضرورت ہے۔ تو میں منسٹر صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے دعوت دی ہے لیکن دعوت ایسی نہیں کہ صرف دعوت تک رہے، کام بھی ہو جائے گراؤنڈ پہ کہ کام ہو گیا ہو جی۔ شکریہ میں بہت مطمئن ہوں ان کے سوال سے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نہیں، وقار خان صاحب! انہوں نے کہہ دیا ہے اب آپ ان کے آفس جائیں ملیں اور وہ ان شاء اللہ آپ کو Proper جواب دیں گے اس کا۔ Thank you۔

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

12716 _ <u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع جنوبی وزیرستان (سابقہ فاٹا) محکمہ آبپاشی کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ محکمہ کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے، نیز کتنا فنڈ تا حال خرچ کیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی):</u> (الف) جی ہاں۔ یہ درست ہے۔

(ب) موجودہ حکومت نے چیف انجینئر ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ ضم اضلاع کے ذریعے سال 2020-21 کے دوران ضلع جنوبی وزیرستان کے لئے 419.60 ملین روپے فنڈز مختص کیا تھا جو کہ اسی ہی سال میں فراہم (Released) کر کے خرچ کئے جا چکے ہیں۔

12947 _ Mr. Khushdil Khan Advocate: Will the Minister for Zakat, Ushr, Social Welfare and Women Empowerment state that:

(a) The office of Ombudsman has been established under the Khyber Pakhtunkhwa Protection against Harassment of Women at Workplace, Act 2020;

(b) If the answer is in yes then explain:

(i) How many complaints have been filed in the office of Ombudsman since its establishment;

(ii) When it was established, the number of staff with designation, grade and criteria of their appointment;

(iii) Year wise allocation of budget and annual expenditure;

(iv) (The criteria of the appointment of Ombudsman, its perk and privileges month-wise. Whether the office of Ombudsman is in rented building or own building? If is in rented building then furnish detail of monthly rent;

(v) Provide the detail of complaints, nature of complaints and result of the complaints as per the following proforma:

S.No;

Name of Complainant;

Date of Complaint;

Name of Accused;

Name of Department;

Name of Decision;

Detail of Decision;

Execution/implementation of Decision?

Mr. Anwar Zeb Khan (Minister for Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education & Women Empowerment): (a) On enactment of Protection Against Harassment of Women Act, 2010 by Parlimentry/Federal Government in order to ensure protection of women against harassment at workplace, the Act ibid was further amended by the Government of Khyber Pukhtunkhwa vide the Khyber Pukhtunkhwa Protection Against Harassment of Women at Workplace (Amendment) Act, 2018. Beside the Act ibid, the Provincial Assembly of Khyber Pukhtunkhwa has also enacted the Khyber Pukhtunkhwa Enforcement of Women's Property Rights Act 2019 whereby powers for disposal of complaints, under this law, have also been vested to the Ombudsperson Khyber Pakhtunkhwa.

(b) (i) 405 complaints (Harassment + Property) have so far been registered with this office, details of which at S.No (v) below. Moreover, 56 cases were received through Prime Minister's Citizen Portal, out of which 52 cases have been solved.

(ii) The Ombudsperson Office was established in 2019 with total 13 sanctioned posts. Later on, 12 posts have been created by the Finance Department Khyber Pukhtunkhwa to achieve the purpose of the Acts. Hence, total number of sanctioned posts come to 26 posts. Annex-1)

(iii)

2019-20	
Original Budget	Rs.17,312,000/-
Released Budget	Rs.7,505,364/-
Expenditure	Rs. 7,461,108/-
2020-21	
Original Budget	Rs. 6,082,000/-
Released Budget	Rs. 19,984,629/-
Expenditure	Rs. 19,984,629/-
2021-22	
Original Budget	Rs. 15,533,000/-
Released Budget	Rs, 14,802,500/-
Expenditure	Rs. 3,177,246/- (Till date)

Budget copies of the above years are at Annex-II.

(iv) **Criteria of appointment**:-

The Ombudsperson is appointed on the recommendations of Search & Scrutiny Committee under Section-5 of Protection against Harassment of Women at Workplace (Amended) Act, 2018.

Appointments Period:

The Ombudsperson shall hold office for period of three years under Section-5 (5) of the Protection against Harassment of Women at Workplace 2018.

Under Section-5 (4) of protection against Harassment of Women at Workplace, the Ombudsperson is entitled to all perks and privileges admissible to BS-21 Officer of Government.

Last pay drawn by the Ombudsperson is Rs. 123,558/- (Net pay)

Office Building:-

The office of Ombudsperson is situated at Benevolent Fund Building Peshawar Cantt. Comprising 2-rooms # 212, 220, and their rent is **Rs. 1700,105/-** per annum.

(v)

S.No	Complaint	Under-trial	Decided	Total
01	Harassment	42	41	83
02	Property	306	11	317
Total		**348**	**52**	**400**

In addition, five cases of Property were referred to Federal Ombudsman and Punjab Ombudsperson.

13077 _ جناب سراج الدین: کیاوزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران گریڈ 17 اوراس سے بالا سکیل کے افسران کواضافی چارج کے تحت مختلف آسامیوں پر تعینات کیا گیاہے؛

(ب) اگر (الف) کاجواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران گریڈ 17 اوراس سے بالا سکیل کے جن افسران کو اضافی چارج کے تحت مختلف آسامیوں پر تعینات کیا گیاہے، ان کے نام، سکیل اور اضافی آسامیوں پر خدمات کا دورانیہ کیاہے، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) گزشتہ دوسالوں کے دوران محکمہ ہذامیں مختلف گریڈ میں بھرتی ہونے والے ملازمین کی سکیل وائز تعداد کیاہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ وصحت): (الف) جی ہاں۔یہ درست ہے۔

(ب) الف۔ تفصیل درج ذیل ہے:

گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ خزانہ نے کل 16 افسران جو کہ گریڈ 17 اوراس سے بالا سکیلوں پر فائز تھے، کواضافی چارج دیئے تھے۔ جن کی تفصیل لف [الف] ہے۔

ب۔ درست نہیں ہے۔

[گزشتہ دوسالوں کے دوران میں کسی بھی گریڈ میں بھرتی نہیں کی گئی]۔

KPPRA

الف۔ درست نہیں۔

گزشتہ پانچ سالوں کے دوران KPPRA میں کسی افسر کواضافی چارج/عہدہ نہیں دیا گیاہے۔

ب۔ درست۔

گزشتہ دو سالوں کے دوران میں ایک آفیسر کو گریڈ 17 میں بھرتی کیا گیا ہے۔لف[ب]

KPRA

الف۔ درست ہے۔

خیبر پختونخوا ریونیو اتھارٹی میں گزشتہ پانچ سالوں کے دوران گریڈ 17 اور اس سے بالا سکیلوں کے جن افسران کو اضافی چارج کے تحت مختلف آسامیوں پر تعینات کیا گیا،ان کی تفصیل لف[ج] ہے۔

ب۔ خیبر پختونخوا ریونیو اتھارٹی میں گزشتہ دو سالوں کے دوران مختلف گریڈ میں بھرتی ہونے والے ملازمین کی سکیل وائز تفصیل لف[ج] ہے۔

Treasury & Accounts

الف۔ درست نہیں۔ گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ڈائریکٹوریٹ [ٹریژری اینڈ اکاؤنٹس] میں کسی افسر کو اضافی چارج / عہدہ نہیں دیا گیا ہے۔

ب۔ درست۔

گزشتہ دو سالوں کے دوران ڈائریکٹوریٹ [ٹریژری اینڈ اکاؤنٹس] میں مختلف سکیلوں میں کل 66 آسامیوں پر بھرتیاں کی گئیں۔لف[د]

Local Fund Audit

الف۔ درست نہیں۔ گزشتہ پانچ سالوں کے دوران ڈائریکٹوریٹ [لوکل فنڈ آڈٹ] میں کل 10 افسران کو اضافی چارج / عہدہ دیا گیا ہے۔[ح]

ب۔ درست۔

گزشتہ دو سالوں کے دوران ڈائریکٹوریٹ [لوکل فنڈ آڈٹ] میں مختلف سکیلوں میں کل 70 آسامیوں پر بھرتیاں کی گئیں۔لف[ذ]

13446 _ جناب احمد کنڈی: کیا وزیر آبپاشی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ایک منصوبہ رود کوہی ڈیرہ اسماعیل خان کے نام سے جاری ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ منصوبے کے لئے سالانہ کتنا فنڈ مختص کیا جاتا ہے۔ مذکورہ فنڈ کہاں کہاں پر خرچ ہوا ہے اور کس کس شخص کو اس کی رقم کی ادائیگی ہوئی ہے۔ نیز 2017، 2018 اور 2019 میں مختص شدہ فنڈ اور استعمال شدہ فنڈ کی تفصیلات ایئر وائز فراہم کی جائے؟

جناب ارشد ایوب خان (وزیر آبپاشی): (الف) جی نہیں۔ رود کوہی ڈیرہ اسماعیل خان کے نام کا کوئی منصوبہ اس وقت نہیں ہے تاہم معزز رکن کی خدمت میں عرض کرتا چلوں کہ سال 2014 میں ایک منصوبہ بنام "Improvement of Rod Kohi System District Tank and D.I.Khan) میں شروع ہوا تھا جو کہ سال 17-2016 میں اختتام پذیر ہو چکا ہے۔ مزید برآں رود کوہی نظام کی مرمت کے لئے ہر سال ڈپٹی کمشنر ڈی آئی خان کو فنانس ڈیپارٹمنٹ براہ راست رقم فراہم کرتی ہے جس میں محکمہ ایریگیشن کا کوئی کردار نہیں ہوتا اور اس کی تفصیل محکمہ ایریگیشن کے پاس نہیں ہے۔

13525 _ حافظ عصام الدین: کیا وزیر سماجی بہبود ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) جنوبی وزیرستان میں معذور اور بیوہ خواتین کتنی ہیں، یہ ڈیٹا کتنا فیصد ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ، عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی نسواں): (الف) محکمہ سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ترقی خواتین کے ساتھ جنوبی وزیرستان میں 211 معذور اور 21 بیوہ خواتین محکمہ کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔ جنوبی وزیرستان کی کل آبادی تقریباً 674000 ہے اور اس میں معذور اور بیوہ خواتین کا ڈیٹا بالترتیب % 0.0313 اور %0.032 فیصد بنتا ہے۔

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: 'Leave Applications': یہ کچھ چھٹی کی درخواستیں آئی ہیں۔ جناب انور زیب خان، 28 دسمبر؛ محترمہ ماریہ فاطمہ صاحبہ، 28 دسمبر؛ حاجی قلندر لودھی صاحب، 28 دسمبر؛ محترمہ ثومی فلک ناز صاحبہ، 28 دسمبر؛ محترمہ ساجدہ حنیف صاحبہ، 28 دسمبر؛ محترمہ عائشہ نعیم صاحبہ، 28 دسمبر؛ جناب شکیل احمد خان صاحب، 28 دسمبر؛ ملک شاہ محمد خان صاحب، 28 دسمبر؛ محترمہ مومنہ باسط صاحبہ، 28 دسمبر؛ جناب فضل الٰہیٰ صاحب، 28 دسمبر؛ مفتی عبید الرحمان صاحب، 28 دسمبر؛ محترمہ نادیہ شیر صاحبہ، 28 دسمبر؛ محترمہ رابعہ بصری صاحبہ، 28 دسمبر جناب افتخار علی مشوانی صاحب، 28 دسمبر؛ جناب جمشید خان، 28 دسمبر؛ جناب سراج الدین صاحب، 28 دسمبر؛ محترمہ سمیہ بی بی، 28 دسمبر؛ محترمہ حمیرا خاتون صاحبہ، 28 دسمبر؛ جناب بابر سلیم خان صاحب، 28 دسمبر؛ جناب لائق محمد خان صاحب، 28 دسمبر؛

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

جناب ڈپٹی سپیکر: Leave is granted۔ میرے خیال سے تمام ممبرز جو ہیں سو رہے ہیں یا ضیاء اللہ بنگش صاحب! آپ ابھی آئے ہیں اور ضیاء اللہ بنگش صاحب! آپ اپنی سیٹ پہ بیٹھیں، ایک تو لیٹ آتے ہیں اور پھر گپیں بھی لگاتے ہیں جی۔ میں ممبران اسمبلی اور اپنی جانب سے Mercy Educational Complex Peshawar کے طلباء اور ٹیچنگ سٹاف کو اسمبلی آمد پر خوش آمدید کہتا ہوں۔ بچے آئے ہوئے ہیں Mercy کی طرف سے، ہم ان کو ویلکم کرتے ہیں جی۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: Item No. 06, 'Adjournment Motions': Mr. Salahuddin MPA, to please move his adjournment motion No. 375. Salahuddin, Salahuddin Sahib, not present, lapsed.

توجہ دلاؤ نوٹس

جناب ڈپٹی سپیکر: کال اٹینشن نوٹسز، آئٹم نمبر 7۔ کال اٹینشن نوٹس خوشدل خان صاحب کی طرف سے آیا ہے انہوں نے ریکویسٹ کی ہے کہ وہ آج نہیں آ سکتے ہیں اس لئے اس کو میں ڈیفر کرتا ہوں آج کے لئے۔
Mr. Ikhtiar Wali MPA, to please move his call attention notice No. 2175, Ikhtiar Wali Khan!

جناب اختیار ولی: شکریہ Hounourable Speaker, thank you very much honourable Speaker۔ یہ توجہ دلاؤ نوٹس ان لوگوں کے بارے میں ہے، میں پہلے ذرا اس کو پیش کر کے تھوڑا سا پھر بریف دیتا ہوں آپ کو۔

میں وزیر برائے محکمہ امداد بحالی و آبادکاری کی توجہ ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ سابقہ فاٹا جو کہ دہشتگردی کا شکار رہا اور اس میں قبائلی عوام کے گھر، دکانیں، مارکیٹس تباہ ہو چکی ہیں۔ آپریشن کے بعد قبائلی اضلاع کے بعض علاقوں کو ریلیف کی رقم مہیا کی گئی لیکن درہ آدم خیل کے علاقے، قوم تور چھپر جو کہ دہشتگردی کا سب سے زیادہ شکار ہوئی اور ابھی تک یہ لوگ ملک کے مختلف علاقوں میں آئی ڈی پیز کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں لیکن بدقسمتی سے نہ تو ان کو اپنے مسمار گھروں کا معاوضہ ملا اور نہ کوئی ریلیف چیکس مہیا کئے گئے۔ حکومت درہ آدم خیل قوم تور چھپر کے متاثرین کو ہنگامی بنیادوں پر معاوضہ دیں اور ریلیف چیکس بھی جلد از جلد ریلیز کئے جائیں تاکہ وہ دوبارہ اپنی سرزمین پر آباد ہو کر خوشحال زندگی گزار سکیں۔

جناب سپیکر! اس میں یہ تقریباً ہر ایجنسی کا مسئلہ ہے۔ یہ باجوڑ کا مسئلہ ہے، یہ مہمند کا مسئلہ ہے، یہ اورکزئی کا، جنوبی وزیرستان، شمالی وزیرستان جتنے ہمارے قبائلی اضلاع ہیں جہاں جہاں پہ آپریشنز ہوئے ہیں اور ان لوگوں کے گھر مسمار ہوئے یا مارکیٹیں مسمار ہوئیں تو کہیں پہ اس بات پہ اختلاف ہے کہ ان کو مناسب قیمت نہیں مل رہی تو کہیں پہ ایسا ہے کہ وہ بالکل لسٹ میں شامل نہیں ہیں۔ میں آپ کو اس کی چھوٹی سی مثال یہ دوں گا کہ میرے اپنے حلقے نوشہرہ میں مہمند ایجنسی کے اور باجوڑ ایجنسی کے کوئی دو تین جگہوں پر تین تین سو اور چار چار سو لوگ فیملیز جو ہیں وہ پڑی ہوئی ہیں۔ ان کی بجلی کاٹ دی گئی تھی، یہ پوری گرمی کا یہ سیزن انہوں نے گرمی میں گزارا۔ گیس ان کے پاس نہیں ہے اور وہاں پہ انہوں نے اپنے لئے ایک چھوٹی سی دنیا بنالی ہے اور وہاں پر وہ کوئی چھوٹا موٹا کام کاروبار کر رہے ہیں، تو ان لوگوں کی واپسی کا بندوبست کرنا چاہیئے۔ یہ جو ہمارے ٹریژری بنچز ہیں خصوصاً جو وزیر موصوف ہیں ریلیف کے، تو ان کو اس بارے میں تھوڑی Attention دینی چاہیئے کہ جو جو لوگ آئی ڈی پیز ہیں، ان کو۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> کامران بنگش صاحب! ابھی آپ آئے ہیں اور، جی۔۔۔۔۔

<u>جناب اختیار ولی:</u> ہم ان کو خوش آمدید بھی کہتے ہیں، کل ان کی Presence کو ہم نے Miss بھی کیا تھا۔ Bangash Sahib! Welcome to the House اور آپ بات بھی سنیں اور تھوڑا سا Response بھی کریں۔ یہ جناب سپیکر، ایک ایجنسی ایک ضلع کا مسئلہ نہیں ہے یہ تقریباً ہر ضلع کا مسئلہ ہے، جو سابقہ فاٹا کے اضلاع ہیں یہ سب کا مسئلہ بن چکا ہے اور کوئی کہیں پہ پڑا ہوا ہے کوئی کہیں پہ پڑا ہوا ہے، ان کو واپس اپنے ضلعوں میں لے جانا یہ حکومت کی ذمہ داری ہے اور جو ان کا نقصان ہوا ہے، اس بارے میں تو بڑے پیسے آئے ہیں اور حکومت والے یہ تو دوست ہمیشہ کہتے رہے کہ ہم نے فاٹا کے لئے بہت زیادہ فنڈز رکھا ہوا ہے، پہلے کبھی کسی نے اس طرح نہیں کیا تھا، ایسے نہیں ہوا تھا ہم نے یہ کیا ہم نے وہ کیا۔ تو اب ان کو چاہیئے یہ کہ وہ پیسے اب ان لوگوں میں تقسیم کریں، ان کو چیکس بھی دیں، ان کو واپس اپنی جگہ پہ پہنچائیں تاکہ وہ دوبارہ اپنی زندگی کو بحال کر کے نئے سرے سے وہ اپنی زندگی شروع کر سکیں۔ یہی آپ سے گزارش کرنی تھی لیکن اس پہ میں یہ بات توجہ دلاؤ نوٹس کی ہے تو یہ نہ ہو کہ ہوا میں گزر جائے۔ سپیکر صاحب، آپ کی رولنگ اس پہ ہونی چاہیئے اور یہ ذرا ٹھیک ٹھاک تسلی بخش جواب دیں۔ شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> شکریہ ٹھیک ہے۔ Concerned Minister to respond۔ منسٹر صاحب Respond کریں گے۔ جی شوکت یوسفزئی صاحب!

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت، پارلیمانی امور و انسانی حقوق): جناب سپیکر، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جو Erstwhile FATA ہے وہ دہشتگردی میں بہت زیادہ متاثر ہوا اور بہت سارے لوگ Dislocate ہوئے، انہوں نے جگہ چھوڑی وہاں پہ، تو اس میں کوئی شک نہیں ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ جب حالات نارمل ہوئے باقاعدہ سروے شروع ہوا اور سروے کی بنیاد کے اوپر کافی لوگوں کو Payment ہو چکی ہے اور جو لوگ واپس نہیں گئے یا اس سروے کے اندر نہیں آئے ان کو یہ مشکلات رہی ہیں۔ میں بالکل اس کو دیکھ لوں گا، ان کا یہ جو توجہ دلاؤ نوٹس ہے بہت Important ہے اور جو بھی Concerned department جو Concerned چونکہ ابھی تو منسٹر صاحب نہیں ہیں اس کے لیکن جو ہے ان تک ان کا چلا جائے گا Message اور ان شاء اللہ تعالیٰ یہ صرف توجہ دلاؤ نہیں ہوگا بلکہ اس پہ پورا غور ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: انہوں نے، آپ نے جواب ان کا سنا ہوگا Satisfied ہوں گے۔ انہوں نے کہہ دیا ہے کہ اس پہ کام بھی ہوگا اور اس پہ عمل کیا جائے گا ان شاء اللہ، انہوں نے کہہ دیا ہے جی۔

تحریک التواء نمبر 374 پر قاعدہ 73 کے تحت تفصیلی بحث

Mr. Deputy Speaker: Item No. 08, Mr. Akram Khan Duranni MPA, to please start discussion on his adjournment motion No. 374, admitted under rule 73 for detailed discussion. Akram Khan Duranni!

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر، شکریہ۔ اس پہ میں نے پہلے بھی بات کی تھی اور پھر گورنمنٹ کی طرف سے شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس نے بحث کے لئے منظور کی۔ اس میں سوال صرف اتنا ہے کہ یہاں پر ہمارے صوبے میں سیکرٹریٹ ملازمین کے لئے اور باقی اس کے ساتھ ٹیکنیکل سٹاف جو ہے پبلک ہیلتھ کا ہے یا دوسرے ڈیپارٹمنٹس کا ہے، اس میں تقریباً اضافہ کیا تھا اور صرف Attached departments جو ہیں وہ اس سے محروم ہیں۔ میں نے پہلے بھی وضاحت کی تھی کہ گورنمنٹ کا احسن اقدام ہے، سیکرٹریٹ کے ملازمین جو ہیں وہ یقیناً دن رات کام کرتے ہیں اور ان کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیئے لیکن جو Attached departments ہے وہ بھی اگر اضلاع میں ہیں یا پشاور میں ہیں، وہ بھی بے چارے چونکہ اس لیول کے لوگ ہیں جس طرح ہمارے سیکرٹریٹ یا ٹیکنیکل سٹاف ہے تو میں نے گورنمنٹ سے یہی استدعا کی تھی کہ اس میں تقریباً خوش آئند بات ہے کہ سیکرٹریٹ کے یا پبلک ہیلتھ یا ٹیکنیکل سٹاف کے لئے کیا ہے تو مہربانی کر کے جو باقی ماندہ لوگ ہیں، ایک تو بے روزگاری بھی

بڑھ گئی ہے، مہنگائی بھی ہے، نہ سرکاری ملازمین جو ہیں وہ بچوں کی فیس ادا کر سکتے ہیں، وہاں پر بہت زیادہ مشکلات ہیں لوگوں کی۔ تو میری دوبارہ استدعا ہے کہ Attached departments کو بھی اسی میں شامل کیا جائے تاکہ اس کو جو فائدہ دیا گیا ہے سیکرٹریٹ اور باقی ملازمین کو کہ وہ اس سے محروم نہ ہوں۔ شکریہ جی۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Mr. Nisar Mohmand!

نثار مہمند صاحب کا مائیک کھولیں۔

جناب نثار احمد: شکریه سپیکر صاحب. ستاسو سپیشل مننه چې نن ستاسو انداز ډیر خوشگوار دے ، زه په دیکښې ډیره یو خبره کومه او څه افسوس سره کومه چې کوم ایم پی ایز دلته کوئسچن یا پښتنه چې راوړی نو هغوی د دې د پاره دا پښتنه راوړی وی چې دلته په دې فلور باندې د هغې خبره اوشی نو اکثر زمونږ د منسټرانوں صاحبانو نه دا خبره راشی چې نه تاسو مونږ سره څان له کښینئی. زه په دې پوهه نه شوم چې څان له کښیناستو کښې دوئ عوامو ته نه شی وئیلې پکار دا ده چې دا عوامو ته ښکاره شی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: نثار خان! تاسو چې کوم دغه دے توجه دلاؤ-----

جناب نثار احمد: زه راځم چې په هغې باندې.

جناب ڈپٹی سپیکر: نه جی راځم نه جی تاسو په هغې خبره اوکړئ جی درانی صاحب چې کوم باندې خبرې اوکړې گوره تاسو هم هغه رنگې-----

جناب نثار احمد: زه راځم هغې له جی مونږه وایو چې په فلور جواب ملاؤ شی چې عوامو ته پته اولگی چې حکومت څومره سنجیده دے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تاسو چې کوم ایډجرنمنټ موشن دے ما پرون هم وئیل د ماشومانو په رنگ حرکتونه مه کوئ کنه جی تاسو ایم پی اے یئ جی.

جناب نثار احمد: بیا تاسو داسې خبره اوکړله چې د هغې مطلب دا دے۔

